پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

# سیکورٹی

# اپنے ملک سے جڑا رہنے کا دعویٰ کرنے والے تمام ممالک میں سے سب سے زیادہ شرح پاکستان میں (90%) پائی گئی۔

(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے کی رپورٹ جاری)،

(اسلام آباد، 16 جون، 2022


پاکستان میں گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے (اور اسی طرح کا سروے دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) کی جانب سے دنیا بھر میں منعقد کیا گیا) کے مطابق، اپنے ملک سے جڑا رہنے کا دعویٰ کرنے والے تمام ممالک میں سے سب سے زیادہ شرح پاکستان میں (90%) پائی گئی۔

یہ نتائج دی ورلڈ وائڈ انڈیپینڈنٹ نیٹ ورک آف مارکیٹ ریسرچ (WIN) جو کہ ہر براعظم میں مارکیٹ ریسرچ اور رائے عامہ سروے منعقد کرنے والا ایک عالمی ادارہ ہے کے حالیہ بین الاقوامی سروے جسے دنیا بھر میں منعقد کیا تھا میں سے سامنے آئے ہیں۔ ون انٹرنیشنل نے سالانہ ون ورلڈ سروے (WWS-2021) شائع کیا ہے، اس سروے میں دنیا بھر کے 24 ممالک کے باشندوں نے شرکت کی، جس میں 19,422 افراد کی رائے اور عقائد کا تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ پاکستان میں فیلڈ ورک کا انعقاد 5 تا 8 اپریل 2022 کے درمیان ہوا اور یہ سروے 500 افراد سے لیا گیا۔

انٹرنیشنل پریس ریلیز کی مکمل رپورٹ یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

سروے میں دنیا بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی پاکستان کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ خود کو پاکستان کے ساتھ کتنا جڑا ہوا محسوس کرتے ہیں؟** "۔ پاکستان میں اس سوال کے جواب میں، 90% جواب دہندگان کے مطابق وہ خود کو پاکستان کے ساتھ بہت جڑا ہوا محسوس کرتے ہیں، 1% کے مطابق وہ خود کو پاکستان کے ساتھ کسی حد تک جڑا ہوا محسوس کرتے ہیں، 14% جواب دہندگان کے مطابق وہ خود کو پاکستان کے ساتھ بالکل بھی جڑا ہوا محسوس نہیں کرتے ہیں، جبکہ 1% جواب دہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"برائے مہربانی پاکستان کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ خود کو پاکستان کے ساتھ کتنا جڑا ہوا محسوس کرتے ہیں؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## ممالک کے اعتبار سے نتائج:

نائیجیریا (40%) اور کولمبیا (68%) کی نسبت پاکستان (90%) اور فن لینڈ (87%) میں اپنے ملک سے جڑا ہوا محسوس کرنے کی شرح سب سے زیادہ پائی گئی۔

### ممالک کے اعتبار سے نتائج





*اپینڈکس میں ممالک کی مکمل فہرست اور اُن کے نتائج دیے گئے ہیں۔

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## عمر کے اعتبار سے نتائج:

عالمی اعداد و شمار میں عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ اپنے ملک سے جڑا ہوا محسوس کرنے کی شرح میں کمی دیکھنے میں آئی ہے۔

### عمر کے اعتبار سے نتائج





*معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے نتائج کو شامل نہیں کیا گیا

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## جنس کے اعتبار سے نتائج:


عالمی سطح پر مرد حضرات (63%) کی نسبت خواتین کی زیادہ شرح (64%) اپنے ملک کے ساتھ جڑا ہوا محسوس کرنے کا دعویٰ کرتی ہیں۔تاہم، اہم سمجھنے کے حوالے سے یہ فرق معمولی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

## اپینڈکس:

**سوال: "برائے مہربانی پاکستان کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ خود کو پاکستان کے ساتھ کتنا جڑا ہوا محسوس کرتے ہیں؟"**




*معلوم نہیں/جواب نہیں دیا کے نتائج کو شامل نہیں کیا گیا۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 500 مرد و خواتین سے 5 اپریل تا 8 اپریل 2022 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

WIN Worldwide Independent Network Of Market Research

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, June 16, 2022**

*(5 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 42 years of Gallup Pakistan (1980-2022)